© rasailojaraid.com



بھی جلد شائع ہو کر مولانا شبلی کو خود بھی اس پر بڑا ناز تھا۔

**نقوشِ سلیمانی** از مولانا سید سلیمان ندوی تقطیع کلاں ضخامت ۴۰۴ صفحات۔ کتابت طباعت اور کاغذ بہتر قیمت مجلد سے، پتہ :۔ مکتبہ جامعہ ملیہ دہلی و نئی دہلی۔

اس مجموعہ میں مولانا سید سلیمان ندوی کی وہ تمام مختلف علمی ادبی اور تاریخی تحریریں اور تقریریں یکجا کر کے شائع کی گئی ہیں جو آپ کی زبان و قلم سے مختلف مواقع و مجالس میں نکلیں۔ ان تقریروں اور تحریروں کے علاوہ بعض اردو ادب سے متعلق اور مضامین بھی ہیں جو مقالات کی صورت میں معارف یا دوسرے رسائل میں شائع ہوئے تھے۔ یہ مجموعہ ہندوستانی زبان و ادب سے متعلق مفید و کارآمد معلومات کا ایک عمدہ ذخیرہ ہے جس سے اردو زبان کی تاریخ، اس کی علمی و ادبی وسعت زبان کی خصوصیات، اس کی تاریخی اور لسانی اہمیت ہندوستان کے مختلف علمی و ادبی اداروں کا حال، مصنفین اردو کے کارنامے، بعض مصنفین اردو کے نجی حالات، ان کے خصائص تحریر اور خدمات یہ سب چیزیں ایک ہی جگہ اکٹھی نظر آتی ہیں بعض مصنفین و شعراء اردو پر مولانا نے جو تبصرہ کیا ہے اس سے دوسرے اربابِ نظر کو اختلاف ہو سکتا ہے لیکن اس مجموعہ کا یہی فائدہ کیا کم ہے کہ اس سے ہندوستان کے ایک نامور مورخ و عالم کے منتشر ملفوظات و خیالات معلوم ہو جاتے ہیں

**نماز کا ظاہری حصہ اس کے باطنی حصہ سے افضل ہے** از جناب صوفی اصغر علی صاحب بی اے تقطیع کلاں، ضخامت ۶۰ صفحات کتابت طباعت اور کاغذ متوسط قیمت ۵۰ پتہ :۔ کوارٹر نمبر ۲۷ لیک اسکوائر نئی دہلی۔

آج کل بعض ضرورت سے زیادہ روحانیت کے طلبگار عموماً کہتے ہیں کہ نماز کا اصل مقصد تزکیۂ نفس اور تصفیۂ باطن ہے۔ اور پھر اس سے نتیجہ یہ نکالتے ہیں کہ جو لوگ نماز پڑھ پڑھ کر اس مقصد کو حاصل نہیں کر سکتے ان کے لیے نماز پڑھنا نہ پڑھنا دونوں برابر ہیں۔ اس طرح کی باتوں کا اثر یہ ہوتا ہے کہ جو

© rasailojaraid.com